**1 اکتوبر   جمعہ   مقدسہ ٹریضہ "طفلِ یسوع"**

**باروک** 1 : 15-22   **زبور** 78   **لوقا** 10 : 13-16

**جو تمہاری سنتا ہے وہ میری سنتا ہے۔   لوقا** 10 : 16

یسوع یہ الفاظ اپنے اُن بہتر رسولوں سے کہتا ہے جنہیں دو دو کر کے اپنے آگے آگے بھیجتا ہے۔ یہ شاگرد آج نہ صرف بشپ صبان اور مشنریز ہی ہیں۔لیکن  اُن میں مَیں یعنی ہم میں سے ہر ایک بھی یسوع کا شاگرد ہو سکتا ہے۔آج وہ مجھے کچھ کہنا چاہتا ہے۔اور کچھ اُن کو بھی جو مجھے سے ملتے ہیں اور کچھ اُن سے بھی جن کے درمیان میں رہتا ہوں۔اِس طرح پہلے میں یسوع کی تعلیم سُنتا ہوں اور پھر میرے ذریعے اُس کا کلام بھائیوں یعنی دوسرں تک پہنچ سکتا ہے۔

**2 اکتوبر   ہفتہ   پاک نگہبان فرشتے**

**خروج** 23 : 20-23   **زبور** 90   18 : 1-5,10

**جو کوئی میرے نام پر کسی ایک بچے کو بھی قبول کرے وہ مجھے قبول کرتا ہے۔   لوقا** 18 : 5

آج یسوع ہمیں بڑی گرمجوشی سے دعوت دیتا ہے کہ ہم توبہ کریں تا کہ بچوں کی مانند دل کے پاک، مصعوم، حلیم اور سادہ بنیں اور وہ چاہتا ہے کہ ہم بچوں کو قبول کریں۔تا کہ اُنکے نگہبان فرشتے جو ہمیشہ خدا باپ کو آسمان پر دیکھتے ہیں اُنکی حفاظت کریں۔اے یسوع تو ہمیں یقین دلاتا ہے کہ اگر ہم اُن میں سے ایک کو بھی قبول کے یں تو تجھے ہی قبول کرتے ہیں۔

**3 اکتوبر   سال کے دوران ستائیسواں اتوار**

**تکوین** 2 : 18-24   **زبور** 127   **عبرانیوں** 2 : 9-11   **مرقس** 10 : 2-16

**پس جسے خُدا نے جوڑا ہے اُسے انسان جُدا نہ کرے۔   مرقس** 10 : 9

یسوع کا فیصلہ ہے کہ انسان کیونکر خدا کے کام یا منصوبے کو ختم کر سکتا ہے؟ ایک آدمی کی ایک عودت سے شادی خدا کا کام ہے خُدا اُنہیں محبت کے بندھن میں جوڑ نا ہے۔درحقیقت محبت کا منبع ہمیشہ خدا باپ کے دل میں ہے۔لہذا یہ ضروری ہے کہ ہم شادی شدہ جوڑوں کے لئے دُعا کریں اور اُنہیں بھی چاہے کہ بلا ناغہ دُعا میں مصروف رہیں تا کہ خدا کے اس تحفے کیلئے وفادار رہیں۔

**4 اکتوبر   سوموار   اسیسی کا مقدس فرانسس**

**گلاطیوں** 6 : 14-18   **زبور** 15   **متی** 11 : 25-30

**کیونکہ میرا جوا ازم اور میرا بوجھ ہلکا ہے۔   متی** 11 : 30

جب ہم مقدس فرانسیس کی زندگی پر غور کرتے ہیں تو دیکھتے ہیں وہ اپنے باپ کی طرف سے تجویز کردہ مخصوص شدہ دولت اور آرام و آسایش کو ترک کر کے اس کی بجائے یسوع کے جُوئے کا مطیع ہو جاتا ہے اور اس طرح کلیسا کی تعمیر نو کے لیے اپنے آپ کو پیش کر دیتا ہے۔ یہ اُس کے لیے بھی نہایت کٹھن کام تھا لیکن اُس نے کہا "اے میرے خداوند تیری تعریف ہو سب کچھ تیری مخلوق کے لئے ہے"۔ اے خداوند خدا تیری تعریف ہو۔ اے میرے باپ جو اپنے آپ کو تیری بادشاہی پھیلانے کے لیے وقف کرتے ہیں تو اپنے فضل سے اُنھیں معمور کر دیتا ہے۔

**5 اکتوبر منگل**

**تسالونیکوں 3 : 1-10 زبور 129 لوقا 10 : 38-42**

**صرف ایک چیز درکار ہے ۔ لوقا 10 : 42**

بیت عنیا گاؤں میں نیک سامری کی فیاضی اور ہمدردی بیان کرنے کے تھوڑی دیر بعد یسوع مارتھا سے یہ الفاظ کہتا ہے کہ صرف ایک چیز درکار ہے کہ ہم پہلے خدا کا کلام سنیں اور پھر دوسروں کی خدمت اور مدد کریں۔ مارتھا کی طرح نہیں ہونا چاہیے جو بڑی گرمجوشی کے ساتھ یسوع کو اپنے گھر میں خوش آمدید کہتی ہے۔ اس کے بعد اپنی بہن پر فتوی لگاتی ہے کہ میری مدد نہیں کرتی۔ اور پھر یہاں تک کہ یسوع کو بھی حکم دینا شروع کرتی ہے۔ کلیسیا میں بھائی ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں تو یہ یسوع کی فرمانبردار کے لیے ہونا چاہیے نہ کہ اپنے اپنے مقاصد کے لئے۔

**6 اکتوبر بدھ مقدس برونو**

**یونس 4 : 1-11 زبور 85 لوقا 11 : 1-4**

**ہمارے گناہ ہمیں بخش۔ لوقا 11 : 4**

اے خداوند یسوع تیرا شکر کرتے ہیں۔ کیونکہ تو نے ہمیں دعا کرنا سکھایا ہے۔ تو نے ہمیں یہ توفیق دی ہے کہ اپنے آپ کو پرکھیں کہ ہمیں بھی معافی کی ضرورت ہے۔ اور خدا باپ سے اور پڑوسی سے بڑی حلیمی اور عاجزی کے ساتھ معافی مانگیں۔ تو ہم سے بھی یہ تقاضا کرتا ہے کہ ہم بھی اُنکو جنہوں نے ہمارا قصور کیا ہے اُنھیں معاف کر دیں۔ اے خدا تیرا شکر ہو کیونکہ تو نے ہمیں امن و سلامتی اور قوت بخشی ہے تا کہ ہم دوسروں کو پیار کریں۔

**7 اکتوبر جمعرات خاتون روزری**

**ملاکی 3 : 13-20 زبور 1 لوقا 11 : 5-13**

**ڈھونڈو تو پاؤ گے۔ کھٹکھٹاؤ تو تمھارے لئے کھولا جائے گا۔ لوقا 10:11**

خداوند یسوع مسیح اے ہمارے باپ کی دُعا سکھانے کے بعد کہتے ہیں کہ روح القدس کی مدد کے بغیر ہم کچھ نہیں کر سکتے ۔ وہ ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم باپ کو محبت سے تلاش کریں ۔ جب ہم پاک ماس کی قربانی میں شامل ہوتے ہیں تو اُس کو پا لیتے ہیں ۔ جب ہم اکیلے بیٹھ کر دُعا کرتے ہیں، اکٹھے مل کر روزری پڑھتے ہیں، خود انکاری کرتے ہیں اور جب ہم اپنے آپ کو پڑوسی اور یسوع کی خاطر پیار کرتے ہیں تو اُسے پا لیتے ہیں ۔

**8 اکتوبر جمعہ مقدس سائمن**

**گلاطیوں 1 : 13-15 , 2 : 1-2 زبور 9 لوقا 11 : 15-26**

**جو میرے ساتھ جمع نہیں کرتا وہ بکھیرتا ہے ۔ لوقا 11 : 23**

یسوع مسیح اُن فریسیوں کو جواب دیتا ہے جنہوں نے اُس پر الزام لگایا کہ وہ بدروحوں کے سردار بعل زبول کی مدد سے یہ کرشمے دکھاتا اور بدروحوں کو نکالتا ہے ۔ یسوع ثبوت کیساتھ اُنہیں جواب دیتا ہے ۔ وہ ایک گونگے سے گونگی بدروح کو نکالتا ہے تو وہ صاف صاف بولنے لگتا ہے ۔ یسوع سب سے طاقتور اور قدرت والا ہے ۔ جو اُس کے ساتھ رہتا ہے اس کا گھر ہر آزمائش سے محفوظ رہے گا ۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ اپنی زندگی میں بہت پھل لائے گا ۔ خوشی، سلامتی کا پھل اور خدا کی برکت اس پر ہوگی ۔

**9 اکتوبر ہفتہ مقدس ڈیونیشی (ڈینس) مقدس یوحنا لیونارڈی**

**گلاطیوں 4 : 12-21 زبور 96 لوقا 11 : 27-28**

**خداوند اپنے لوگوں کے لیے ایک پناہ گاہ ہے ۔ گلاطیوں 4 : 16**

نبی خدا کی وفاداری کا یقین دلاتا ہے ۔ وہ اپنے گناہوں سے توبہ کرتے ہیں تو وہ اُنھیں بچاتا ہے ۔ اور جو اُن پر ظلم کرتے ہیں اُن سے آزاد کرتا ہے ۔ اے باپ ہم تیرا شکر کرتے ہیں کہ تو ہم میں اور اپنی کلیسا میں کام کرتا ہے اور اپنے بیٹے یسوع مسیح کے ذریعے ہم سے کلام کرتا ہے ۔

**10 اکتوبر سال کے دوران اٹھائیسواں اتوار**

**حکمت 7 : 7-1 زبور 89 عبرانیوں 4 : 12-13 مرقس 10 : 17-30**

**خدا کے نزدیک سب کچھ ممکن ہے ۔ مرقس 10 : 27**

یسوع نے کہا جو دولت سے بہت پیار کرتے ہیں اُنکا خدا کی بادشاہی میں داخل ہونا ناممکن ہے ۔ اُونٹ کا سوئی کے ناکے سے گزرنا اس سے آسان تر ہے پھر شاگرد حیران ہو کر کہتے ہیں پھر کون داخل ہو سکتا ہے اور نجات پا سکتا ہے ۔ خدا کے نزدیک کچھ بھی ناممکن نہیں یہ خدا ہی ہے جو اُن کے دلوں میں ڈالتا ہے ۔ جو زکائی کی طرح اس کے بیٹے یسوع کو قبول کرتے اور دولت کو دوسروں میں بانٹتے ہیں ۔ اے پیارے یسوع ہم تیرا شکر کرتے ہیں کہ تو نے ہمیں فضل بخشا کہ ہم تجھے خدا کا بیٹا جانیں اور اس طرح دولت کی حکمرانی سے بچے رہیں ۔

**11 اکتوبر سوموار مقدس جان تیئیسواں**

**رومیوں1 : 1-7 زبور97 لوقا11 : 29-32**

**ہمارے خدا باپ کی جانب سے تمہیں فضل اور سلامتی حاصل ہو ۔ رومیوں 1:7**

پولوس رسول روم کے مسیحیوں کو لکھتے ہیں کہ تمہیں اختیار اور مشن یعنی انجیل کی خوشخبری جس کے لئے میں بُلایا گیا ہوں پیش کرتا ہوں اور برکت دیتا ہوں۔ یہ خوشخبری اُنکے لئے ایک عظیم تحفہ ہے جو ہمارے کاہنوں کے ذریعے ایمان کے ساتھ اسے قبول کرتے ہیں۔

**12 اکتوبر منگل مقدس صرافینو**

**رومیوں1 : 16-25 زبور18 لوقا11 : 37-41**

**پس جو کچھ اندر ہے اُسے خیرات کرو اور دیکھو تمہارے لیے سب کچھ پاک ہوگا۔ لوقا 11:41**

کسی فریسی نے یسوع کی دعوت کی اور یہ دیکھ کر تعجب کیا کہ اُس نے کھانے سے پہلے اپنے ہاتھ نہیں دھوئے یسوع یہ جانتے ہوئے کہ فریسی کو خدا کے نزدیک ناپاک کون کرتا ہے؟ یہ وہ لالچ ہے جس کی بدولت وہ بے بس بیواؤں سے پیسے لیتا ہے۔اسطرح خداوند یسوع اسے دعوت دیتا ہے کہ جو تو نے ناحق اپنے اندر جمع کیا ہے خیرات کر تو پھر پانی کی پاکیزگی تیرے دل کو پاک کرے گی تاکہ تو سچائی سے اپنے باپ سے دعا کر سکے۔

**13 اکتوبر بدھ**

**رومیوں2 :1-11 زبور 61 لوقا 11: 42-46**

**مگر اے فریسیو تم پر افسوس کہ تم پودینے اور سداب اور ہر ترکاری پر دہ یکی دیتے ہو لیکن انصاف اور خدا کی محبت سے کنارہ کشی کرتے ہو۔ لوقا 11 :42**

فریسی اُن تمام قوائد وضوابط پر جو اُنہوں نے خود اپنے لئے بنائے ہوئے تھے بڑی باقائدگی سے عمل کرتے تھے۔لیکن خدا اور پڑوسی کی محبت سے کنارہ کش تھے۔اس لئے خداوند نے اُنکی ملامت کی۔ یہ ملامت اور لعن طعن سچی محبت تھی۔ وہ اپنا بہت خیال رکھتے تھے یہاں تک کہ اپنے آپکو دوسرں کی بہ نسبت بہتر خیال کرتے اور خدا کو خوش کرنے کی کوئی پرواہ نہ کرتے تھے۔اے یسوع اگر میں بھی فریسیوں کی طرح کرتا ہوں تو میری اصلاح کر۔

**14 اکتوبر جمعرات مقدس کلیمنٹس اوّل پوپ اینڈ شہید(22ع س)**

**رومیوں3:21-30 زبور 129 لوقا 11 :47-54**

**کیا خدا صرف اور صرف یہودیوں کا ہی خدا ہے ۔ رومیوں 3 :29**

ہاں میرا ایمان ہے کہ خدا صرف ایک ہی ہے جو سب کا ہے۔ وہ ہمارے خداوند یسوع مسیح کا باپ ہے اور اُس پر ایمان کے سبب سے ہم نے نجات پائی ہے۔ گناہ سے آزاد ہو کر ہم اُس کے فرزندوں کی طرح رہ سکتے ہیں۔ خدا جو باپ نہیں ہے، بیشک اُسے خدا کہیں، وہ خدا نہیں ہے۔

**15 اکتوبر جمعہ اُویلا کی مقدسہ ٹریضہ (1515-1582)**

**رومیوں 4 :1-8 زبور 31 لوقا 12:1-7**

**اُن سے نہ ڈرو جو بدن کو قتل کرتے ہیں۔ لوقا 12:4**

یسوع مسیح کے یہ الفاظ کہ اُن سے نہ ڈرو جو بدن کو قتل کرتے ہیں مجھے ایک واقعہ یاد آ گیا بوکسرز کے انقلاب کے دوران 1800 کے اختتام پر مقدس جوزف فرینڈ یمیز مشنیر یز کو ایک واقعہ پیش آیا جو گاؤں کی سڑک کے کنارے کیچڑ پر گھسیٹنے کے بعد جب وہ راستے کے اختتام پر پہنچا تو ہر شخص کے لئے حیرانگی کی بات یہ تھی کہ وہ گلی میں بیٹھ گیا اور یسوع کے پیار، محبت اور رحم کا پرچار کرنے لگا۔ وہ ڈرتا نہ تھا بلکہ اُنھیں پیار کر رہا تھا۔

**16 اکتوبر ہفتہ مقدسہ مارگریٹ مقدسہ ہیڈوِج**

**رومیوں 4:13،16-18 زبور 104 لوقا 12: 8-12**

**تا کہ فضل کے طور پر وہ وعدہ کل نسل کے لیے قائم ہے۔ رومیوں 4 : 16**

جب میں مسیح یسوع پر اُسکی موت اور اُسکے جی اُٹھنے پر ایمان رکھتا ہوں تو میں آسمان کی بادشاہی کی میراث سے گویا پہلے ہی لطف اندوز ہوتا ہوں۔ یہ امن اور کامل خوشی اُس کے ساتھ اور اپنے بھاہیوں کے ساتھ میل ملاپ سے ملتی ہے۔

**17 اکتوبر اتوار سال کے دوران اُنتیسواں اتوار**

**اشعیاء 53:10-11 زبور 32 عبرانیوں 4:14-16 مرقس 10:35-45**

**تم میں جو بڑا ہونا چاہیے وہ سب کا خادم بنے۔ مرقس 10 : 43**

شاگرد آپس میں باتیں کرتے ہیں کہ اُن میں بڑا کون ہے؟ یہ سُن کر مجھے اپنے برادرز میں سے ایک کو یاد کر کے بڑی خوشی ہو رہی ہے۔ وہ برادرز میں سے ایک کو یاد کر کے بڑی خوشی ہو رہی ہے وہ برادر اب اپنی زندگی کے سفر کے اختتام پر ہے۔ جب ہم میں سے کسی کو اُداس دیکھتا تو وہ اُسکو تسلی دینے کے لیے پہنچ جاتا۔ جب کسی مشکل کام کا سامنا ہوتا تو وہ اُسے قبول کر لیتا۔ جب کبھی اہم فیصلوں پر پریشان حائل ہوتیں تو بڑے اسلوب سے اُنھیں دُور کرنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ وہ ہمیشہ سب کاموں کو بڑی حلیمی اور خدمت کے جذبے سے بخوبی انجام دیتا ہے۔

18 اکتوبر سوموار مقدس لوقا انجیل نویس

2- تیمتھاؤس 17-10:4 زبور 144 لوقا 9-1:10

دیکھو میں تمھیں جیسے برّوں کو بھیڑیوں کے درمیان بھیجتا ہوں۔ لوقا 10 : 3

"برّے" جب چرواہے کے نزدیک ہوتے ہیں تو اپنے آپکو محفوظ سمجھتے ہیں کیونکہ وہی اُنکا خیال رکھتا ہے۔ اگر کسی پر بھڑیا حملہ کرتا ہے تو صرف چرواہا ہی اُسکو بچانے کی ذمہ داری نبھاتا ہے۔ آیئے آج ہم مقدس لوقا سے دُعا کریں کہ جس طرح اُس نے مسیح کے کلام کی طاقت اور سچائی کا تجربہ کیا ہے، کلیسیا کی شفاعت کرے اور سب سے بڑھ کے وہ اپنے مشنریوں کو مسیح یسوع اچھے چرواہے کے ساتھ متحد رکھے۔

19 اکتوبر منگل مقدس جان دی بیربوف اور ساتھی ، مقدس اسحاق جوگ کاہن شہید ، صلیب کا خادم مقدس پولوس کاہن

رومیوں 21-19,17,15,12:5 زبور 39 لوقا 38-35:12

تم اُن آدمیوں کی مانند ہو جو اپنے مالک کی راہ دیکھتے ہوں۔ لوقا 12 : 36

اے خداوند یسوع تیرے نیک مشورے اور نصیحت کیلیئے میں تیرا بے حد مشکور ہوں۔ مجھے ہمیشہ اس کی ضرورت پڑتی ہے۔ میں اُن بھائیوں کو جن سے تو ملاتا ہے ہمیشہ اُن میں تجھے خوش آمدید کے لیے تیار رہنا چاہتا ہوں۔ ہر حال میں جس میں تو رکھتا ہے، تیرے کلام میں اور آخر کار موت کے وقت بھی تیرا استقبال کرنے لے لیے تیار رہنا چاہتا ہے۔ اے خُداوند میں تیرا شکر کرتا ہوں۔

20 اکتوبر بدھ

رومیوں 18-12:6 زبور 123 لوقا 48-39:12

پس جسے بہت دیا گیا اُس سے بہت طلب کیا جائیگا اور جسے بہت سونپا گیا اُس سے زیادہ مانگا جائیگا۔ لوقا 12 : 48

میں محسوس کرتا ہوں کہ یسوع کا یہ کلام مجھے خبردار کرتا ہے کہ کیا میرے پاس خدا کی بہت سی نعمتیں ہے؟ کیا تعلیم ایک خاص کام کے لیے، سوسائٹی کی خدمت کے لیے یا چرچ کی خدمت کے لیے حاصل کی ہے؟ میں خداوند کا شکر بجالاتا ہوں اور سب کچھ خدا کی مُحبت کی بادشاہی کے لیے اور سب کی بھلائی اور بہتری کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

21 اکتوبر جُمعرات

رومیوں 23-19:6 زبور 1 لوقا 53-49:12

میں زمین پر آگ بھڑکانے آیا ہوں تو میں اور کیا چاہتا ہوں مگر یہ کہ وہ جل پڑے۔ لوقا 12 : 49

اے خداوند یسوع تیرا شکر ہو کہ تُو روح زمین پر محبت کی، معافی کی، اور روح القدس کی آگ لے کر آیا ہے جو ہمیں تیری تعلیم کے مطابق چلنے

کے لیے مدد دیتی ہے۔ یہ آگ ہمیں منور کرتی اور روشنی اور گرمی پہنچاتی اور بُرائی کو جلا کر ختم کر دیتی ہے۔

## 22 اکتوبر جمعہ مقدس جان پال دوئم پوپ

**رومیوں 7:28-25 زبور 118 لوقا 12:54-59**

**اور تم آپ ہی کیوں فیصلہ نہیں کرتے کہ حق کیا ہے؟ لوقا 12 : 57**

ہم بڑی آسانی اُن چیزوں سے جو ہمارے نزدیک ہیں یعنی میڈیا سے اور بیرونی واقعات سے اپنے اردگرد کے حالات کا جائزہ لگا لیتے ہیں یعنی اُن سے متاثر ہوتے ہیں۔ اے روح پاک تو میری مدد کر کہ یسوع اور اُس کا کلام مجھ میں ہمیشہ موجود رہے تا کہ میں خاموشی میں تیرے مشورے سن سکوں اور خدا باپ کی مرضی کے مطابق زندگی بسر کروں۔

## 23 اکتوبر ہفتہ جان کیپسوینو

**رومیوں 8:1-11 زبور 23 لوقا 13:1-9**

**اگر تم توبہ نہ کرو تو سب اسی طرح ہلاک ہو گے۔ لوقا 3:13**

جب اُنھوں نے یسوع کو اُن جلیلیوں کی خبر دی جن کو پیلاطس نے ہیکل میں مروایا تھا اور اُن اٹھارہ لوگوں کی خبر دی جو سلوام کے برج کے نیچے دب کر مر گئے۔ تو اُس نے اُن سے کہا کہ تم کیا سمجھتے ہو اُنکے ساتھ ایسا کیوں ہوا؟ کیا وہ باقی لوگوں سے زیادہ گنہگار تھے؟ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ واقعی بہت بُری موت ہے لیکن وہ جو اُسکو قبول نہیں کرتے جو خدا کی طرف سے ہمارا فدیہ ہے اُنکی موت اِس سے بدتر اور شرمناک ہو گی اسی لیئے اُس نے اُن سے کہ اگر تم توبہ نہ کرو تو سب اِسی طرح ہلاک ہو گے۔

## 24 اکتوبر سال کے دوران تیسواں اتوار

**یرمیاہ 31:7-9 زبور 125 عبرانیوں 5:1-6 مرقس 10:46-52**

**وہ اپنا کپڑا پھینک کر اُچھل پڑا اور یسوع کے پاس آیا۔ مرقس 10 : 50**

برتیمائی اندھا بھکاری ہجوم کے سامنے جو یسوع کے گرد جمع تھا آیا اور چلانے لگا: "اے داود کے بیٹے مجھ پر رحم کر"۔ وہ نابینا تھا مگر ایمان کی بدولت اُسکے دل کی آنکھیں روشن تھیں۔ اس لئے جب یسوع نے اُسے بلایا تو وہ اپنا کپڑا پھینک کر اور لوگوں کا ڈر اور خوف اتار کر اُس کے پاس آیا اور شفا پائی۔ اے یسوع میں تیرا بے حد مشکور ہوں کیونکہ جب تو نے مجھے بلایا تو اپنے پاس آنے کے لیے جرات بھی دی۔

**25 اکتوبر سوموار**

**رومیوں** 17-12:8 **زبور** 67 **لوقا** 17-10:13

**"تب خداوند نے اُنھیں جواب دیا اے ریاکارو۔۔۔** **لوقا** 13 : 15

اے خداوند تیرا بہت بہت شکریہ کیونکہ تو ہی مظلموں کا دوست، سہارا اور محافظ ہے۔ تو ہمیشہ اپنے باپ کی مرضی پر چلتا ہے۔ اے خداوند تیرا شکر بجالاتے ہیں تیری اُس اندورنی آزادی، استقلال اور مظبوطی کے لیے جس سے تو اُنکی جو خدا کی مرضی پر نہیں چلتے اصلاح کرتا ہے۔ تو نہیں چاہتا کہ ہم بھانڈ یا نقال نہیں۔

**26 اکتوبر منگل**

**رومیوں** 8 : 18-25 **زبور** 125 **لوقا** 13 : 18-21

**مگر جب ہم نادیدنی چیز کی اُمید کرتے ہیں تو صبر کیساتھ اُسکی راہ دیکھتے ہیں۔** **رومیوں** 8 : 25

ہم مسیحی خدا کی اور اُسکے بیٹے یسوع کی محبت سے لطف اندوز ہوتے ہیں اور اُمید رکھتے ہیں کہ ایک دن اُن کو رؤ برو دیکھیں گے اور ہمیشہ کے لئے اُن کے ساتھ رہیں گے۔ اس فضل کی توقع اور انتظار ہمیں اس زمینی زندگی کی مشکلات اور مصائب پر غالب آنے میں مدد دیتی ہیں۔

**27 اکتوبر بدھ**

**رومیوں** 30-26:8 **زبور** 12 **لوقا** 30-22:13

**جانفشانی کرو۔ کہ تم تنگ دروازے سے داخل ہو۔۔۔** **لوقا** 24:13

اے خداوند یسوع ہم تیرے شکرگزار ہیں کہ تو نے ہمیں راز جوئی پر انحصار کرنا نہیں بلکہ جو نجات کے لیے ضروری اور یقینی راستہ ہے دکھایا ہے۔ درحقیقت تو ہی نجات ہے۔ جب ہم محبت سے تیری فرمانبرداری کرتے ہیں تو ہمیں سلامتی اور خوشی حاصل ہوتی ہے۔ جب کبھی ہمیں مشکل پیش آئے، ہمارا تمسخر اُڑایا جائے یا ایذا دی جائے تب بھی ہم تیرے ساتھ ہونگے۔

**28 اکتوبر جمعرات مقدس شمعون غیور اور یہودہ تدائی**

**افسیوں** 22-19:2 **زبور** 18 **لوقا** 19-12:6

**اُس نے اپنے شاگردوں کو پاس بلا کر اُن میں سے بارہ کو چنا۔ جن کو اس نے رسول کا لقب بھی دیا۔** **لوقا** 13:6

ہمارے خداوند یسوع مسیح نے دیگر شاگردوں اور رسولوں کی مانند تقریبا بہتر افراد کے درمیان سے ساری رات دعا میں گزارنے کے بعد

شمعون غیور اور یہودہ تدائی کا انتخاب کیا۔آج خداوند یسوع مسیح اپنے عملی نمونے سے دکھاتا ہے کہ اپنے بارے میں،کلیسیا کے یا سوسائٹی کے متعلق کوئی اہم فیصلہ کرنا درکار ہو تو پہلے دعا کرنا چاہیے۔وہ تمام رات عبادت اور دعا میں گزارنے کے بعد اپنے شاگردوں میں سے بارہ رسولوں کو چُنتا ہے جن پر کلیسیا کی بنیاد رکھتا ہے۔اے مقدس شمعون اور یہودہ تدائی جس طرح آپ نے یسوع مسیح کے بلاوے پر لبیک کیا یعنی قبول کیا ہمارے واسطے دعا کرو کہ خدا ہمیں بھی ایسا کرنے کی توفیق دے۔

**29 اکتوبر جمعہ**

**رومیوں 9:1-5 زبور 147 لوقا 14:1-6**

**یسوع نے اُس مُستسقی شخص کا ہاتھ پکڑا،اُس کو شفا دی اور اُس کو رخصت کیا۔ لوقا 14:4**

یسوع سبت کو فریسیوں کے سرداروں میں سے کسی کے گھر میں تھا۔سبت کو وہ کوئی کام نہیں کرتے کیونکہ وہ یہودیوں کا پاک دن ہے۔اُس نے اُن سے جو وہاں حاضر تھے مخاطب ہو کر پوچھا کہ سبت کو شفا روا ہے یا نہیں؟ وہ اس بات کے خلاف تھے لیکن چُپ رہے۔خداوند یسوع یہ جانتے ہوئے کہ خدا باپ ہمیں ہمیشہ پیار کرتا ہے اور زندگی دیتا ہے چاہے سبت کا دن ہی ہو۔اس لیے اُس نے بغیر کسی شک وشبہ کے اس شخص کو شفا دی۔

**30 اکتوبر ہفتہ**

**رومیوں 11:1-2.11-12.25-29 زبور 93 لوقا 14:1.7-11**

**جب تو شادی میں بُلایا جائے تو صدر جگہ پر نہ بیٹھ شاید کہ تجھ سے بھی کوئی زیادہ عزت دار بلایا گیا ہو۔ لوقا 14:8**

اے نہایت پیارے یسوع تو ہمیں کس قدر پیار کرتا ہے۔تو ہمیں فروتنی کا درس دیتا ہے۔کیونکہ تو خود فروتن ہے۔اے خداوند ہم تیرے بے حد شکر گزار ہیں کیونکہ تو ہمیں بلا ناغہ تعلیم دیتا ہے۔میں تیری نصیحت کو قبول کرتا ہوں۔تیری ہر بات ایک تحفہ ہے،بہت اچھی ہے،محفوظ اور امن کا راستہ ہے۔ اے یسوع صدر جگہ ہمیشہ تیری ہی ہے: تو ہی دُلہا ہے۔

**31 اکتوبر اتوار**

**تثنیہ شرح 6:2-6 زبور 17 عبرانیوں 7:23-28 مرقس 12:28-34**

**یوں یسوع نے ایک عالم فقیہ کے ساتھ مباحثے کا اختتام کیا۔ مرقس 12 : 34**

بحوالہ احکامات اپنے سوال کے جواب میں جو یسوع نے اُسے دیا وہ قبول کرتا اور اس کی تصدیق کرتا ہے۔کہ محبت کا حکم ہی سب سے عظیم ترین ہے۔جس کو بھی یہ احساس ہوتا ہے وہ خُدا اور انسانوں کے نزدیک ہو جاتا ہے اور جو لوگ یہ جان لیتے ہیں وہ خُدا کی بادشاہی سے دور

نہیں ہوتے۔لیکن جو اس پرعمل کرتے ہیں وہ خدا کی بادشاہی میں رہتے ہیں۔وہ خدا کے بیٹے کے ساتھ متحد ہو جاتے ہیں، جو باپ کی محبت کا تحفہ ہے۔